مورخہ ۱۹؍نومبر ۱۹۶۵ء کوحضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز بیماری کی وجہ سے جمعہ کی نماز ادا کرنے کیلئے تشریف نہ لا سکے تھے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ایک مختصر سا نوٹ مکرم مولانا جلال الدین صاحب شمس کی خدمت میں بھجوایا۔ جس میں خود مسجد میں نہ آسکنے کی وجہ بیان کرنے اور مولانا شمس صاحب کونماز جمعہ پڑھانے کا ارشاد فرمانے کے ساتھ حضور نے جماعت کیلئے بھی دعائیں کی ہیں۔ حضور پُر نور کا یہ نوٹ درج ذیل کیا جاتا ہے۔

مخدومی شمس صاحب! السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔ مکرم میاں منور احمد صاحب اور مکرم ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب ہر دو کا مشورہ ہے کہ طبیعت کی حالت ایسی نہیں کہ جمعہ پڑھایا جائے۔ اس لئے آپ جمعہ پڑھا دیں اور دوستوں کی خدمت میں دعا کے لئے بھی عرض کر دیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے صحت دے تا میں زیادہ سے زیادہ خدمت کرسکوں۔ اور وہ احباب پر ہمیشہ اپنا فضل نازل فرماتا رہے۔ اور اپنی رضا کی راہیں ان پر کھولے اور دین و دنیا کی حسنات سے انہیں نوازے۔ آمین۔

خاکسار ناصر احمد (خلیفۃ المسیح الثالث) ۱۹۔۱۱۔۶۵